آپ کے
امتحانات 2014

آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

ایس کیو اے (SQA)

آپ کے امتحانات

جنرل (عام)

- ✓ مناسب وقت پر پہنچیں ۔ امتحان شروع ہونے سے تقریباً 10 منٹ قبل
- ✓ مناسب آلات ساتھ لے کر جائیں ۔ کالی یا نیلی سیاہی والے قلم، ایچ بی (HB) پنسل وغیرہ
- ✓ پڑتال کرلیں کہ آپ کو درست امتحانی پرچہ دیا گیا ہے
- ✓ سوالاتی پرچے یا جوابی کتابچے کے پہلے صفحہ پر اپنی تمام تفصیلات درج کریں
- ✓ تمام ہدایات کو پڑھ لیں اور ممتحن کی طرف سے کسی بھی قسم کے اعلانات یا اضافی ہدایات کو توجہ سے سنیں
- ✓ حتمی جواب لکھ لینے کے بعد تمام رف کام کو کاٹنا یاد رکھیں
- ✓ جمع کرائے جانے والے ہر کام / پرچے پر اپنا نام اور سکاٹش امیدوار نمبر (ایس سی این(SCN)) درج کریں
- ✓ اگر آپ بیمار ہوجائیں تو ممتحن کو بتائیں
- ✓ امتحان کے اختتام تک کمرے میں موجود رہیں ۔ ممتحن کی اجازت سے آپ صرف جلدی باہر جا سکتے ہیں

چال چلن (طرزِعمل)

- × کسی اور سے نقل نہ کریں یا کسی دوسرے کو اپنا کام استعمال کے لئے نہ دیں
- × اپنے جوابات میں جارحانہ یا بیہودہ زبان استعمال نہ کریں
- × کمرہ امتحان میں تفرقہ انگیز رویہ نہ اپنائیں یا بدامنی نہ پھیلائیں
- × آلات واشیاء کو دوسروں کے ساتھ مشترکہ استعمال میں نہ لائیں

مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی شئے ہرگز اپنے پاس نہ رکھیں:

موبائل فون

ڈیجیٹل الیکٹرانک ڈیوائس مثلاً ایم پی3 پلیئر

کتابیں، تحریری یاداشتیں (نوٹس)، خاکے یا کاغذات (پیپر)

پنسل کیس / کیلکولیٹر کیس

کیلکولیٹر ۔ مخصوص مضامین کے علاوہ

ڈکشنری ۔ مخصوص مضامین کے علاوہ

تمام الیکٹرانک آلات ناجائز معلومات تک رسائی سے پاک ایس کیوا ے (SQA) کے قواعد وضوابط کے مطابق ہونے چاہیں۔

ہیلو، میں سام (ایس اے ایم (SAM)) ہوں اور آپ کی مدد کے لئے حاضر ہوں۔
امتحان کا وقت پھر قریب آرہا ہے۔

یہ کتابچہ آپ کو معلومات فراہم کرتا ہے کہ کیا توقع کی جائے، کیا کیا جائے، اور یہ کہ آپ اپنے نتائج اور سرٹیفکیٹ کیسے وصول کریں گے۔

اگر اِس سے قبل آپ ایس کیو اے (SQA) امتحانات دے چکے ہیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ کیا ہوتا ہے، لیکن اگر یہ آپ کی پہلی بار ہے تو فکرمند مت ہوں، پُرسکون رہیں اور اپنی بھرپُور کوشش کریں۔ امتحانات اس لئے منعقد کئے جاتے ہیں تاکہ یہ اندازہ لگایا جاسکے کہ آپ نے اپنے مطالعاتی مضامین میں کتنا عبور حاصل کیا ہے اور آپ اپنے محاصل عِلم و مہارت کا کتنا بہتر اطلاق کرسکتے ہیں۔

ہر امتحان کے لئے آپ جتنی اچھی تیاری کرسکتے ہیں کریں۔ اگر آپ امتحانات سے قبل اور دوران بھرپور کوشش کریں تو کوئی بھی آپ سے مزید کا مطالبہ نہیں کرسکتا۔

نیک تمنائیں (گُڈ لک)!

اپنے امتحانات کے لئے تیاری کرنا

اوقات نامہ(ٹائم ٹیبل)

پچھلے سال سکولوں اورکالجوں کو امتحان کا سرکاری اوقات نامہ برائے 2014 جاری کردیا گیا تھا۔ اِس کتابچے کی پُشت پر اوقات نامے کا خلاصہ درج کیا گیا ہے۔

اس اوقات نامے کی مکمل کاپی کوآپ ایس کیواے (SQA) کی ویب سائٹ **www.sqa.org.uk/timetable** کے سیکشن **میں ایک ۔۔۔ سکول کا طالب علم ہوں** میں ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

اس ویب سائٹ سے آپ اپنے خود کے امتحانی مضامین کا اوقات نامہ پرنٹ کرسکتے ہیں۔

براہ مہربانی نوٹ فرمائیں : سکولوں اورکالجوں کو امتحان شروع کرنے کے اوقات میں معمولی تبدیلی کی اجازت ہے لہذا براہ مہربانی اپنے اساتذہ یا لیکچرارحضرات سے اپنے امتحانات کے اوقات کی دوبارہ تصدیق کرلیں۔ یہ تسلی کرلیں کہ آپ کو بخوبی علم ہے کہ آپ کون سے امتحانات میں حصہ لے رہے ہیں، وہ کہاں منعقد کئے جائیں گے، اورکب شروع ہوں گے۔ امتحان شروع ہونے سے کم ازکم دس(10) منٹ پہلے کمرہ امتحان میں داخل ہونے کے لئے آپ کو تیار رہنا چاہیے۔

آلات واشیاء (ایکویپمنٹ)

آپ کو تسلی کرلینی چاہیے کہ آپ بخوبی جانتے ہیں کون سے آلات واشیاء (قلم، پنسلیں، کیلکولیٹر، اوردیگر) آپ کواپنے ساتھ لانے کی ضرورت ہوگی ۔ آپ کا استاد یا لیکچرارآپ کو مشورہ دینے کے قابل ہوگا۔ امتحان کے دوران آپ ہرگز نہ اپنے کسی آلات واشیاء کے استعمال میں دوسرے کسی فرد کو حصہ دار بنائیں یا کسی دوسرے امیدوار کے آلات واشیاء کو خوداستعمال کریں۔

اگرآپ کوئی ایسا امتحان دے رہے ہیں جس میں 'معروضی ٹیسٹ (ملٹی پل چوائس سوالات (کثیرآراء میں سے درست منتخب کرنا)) شامل ہے توآپ کو امتحانی پرچے میں درج ہدایات سے علم ہوگا کہ آیاآپ کو پنسل استعمال کرنی ہے یا قلم۔ اگر ایچ بی (HB) پنسل استعمال کرنے کی ہدایت کی گئی توجوابات میں کسی قسم کی تبدیلی کرنے کے لئےآپ کو پنسل کے نشان مٹانے والے ربڑ(اریزر) کی بھی ضرورت ہوگی ۔

آرٹ اینڈ ڈیزائن پریکٹیکل (عملی) امتحانات

آپ کاآرٹ ٹیچرآپ کو بتائےگا کہ آپ کے سکول یا کالج میں یہ عملی امتحانات کب منعقد کئے جائیں گے۔

آپ کا سکاٹش کینڈیڈیٹ (امیدوار) نمبر

آپ کا سکاٹش کینڈیڈیٹ نمبر (ایس سی این (SCN)) آپ کا ایک منفرد تا حیات ایس کیو اے (SQA) شناختی نمبر ہے۔ اسے آپ کے ہرایک امتحانی پرچے سے حاصل کردہ نمبروں اور مجموعی حتمی نتائج کوریکارڈ کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہمارے کمپیوٹرائزڈ سسٹم میں آپ کی کارکردگی کو ریکارڈ کرنےاورآپ کی سابقہ کوالیفکیشنز (تعلیمی قابلیت)تلاش کرنے کے لئے آپ کا ایس سی این (SCN) استعمال کیاجاتا ہےتاکہ آپ کا سرٹیفکیٹ جامع اورتجدیدِ حال ہو۔

آپ اپنے ایس سی این (SCN) کوضرور اپنے امتحانی جوابی پرچوں میں قابلِ مطالعہ اور صاف ستھرے انداز میں تحریر کریں، پس لازم ہے کہ یہ آپ کو یاد ہو۔ آپ کے سکول یا کالج میں ایس کیو اے (SQA) امتحانات کا انچارج استاد یا لیکچرار آپ کے ایس سی این (SCN) سے آپ کو آگاہ کرسکے گا۔

اپنے ایس سی این (SCN) کارڈ کو اپنا ایس سی این (SCN) نوٹ کرنے کے لئے استعمال کریں۔آپ کو یہ کارڈ کمرہ امتحان میں لے جانے کی اجازت ہے مگر آپ ہرگز اس پر کوئی اور تحریر درج نہ کریں۔ یہ تسلی کرلیں کہ آپ کو اپنا ایس سی این (SCN) یاد ہے اور اُسے درست استعمال کریں (یا یاد دہانی کے لئے اپنے ایس سی این (SCN) کارڈ کو پاس رکھیں)۔

آپ کا نام اور رہائشی کوائف

نتیجے والے دن اپنے سرٹیفکیٹ کی وصولی یقینی بنانے کے لئے یہ تسلی کریں کہ آپ کے سکول یا کالج کے پاس آپ کے نجی کوائف درست ہیں۔ مثال کے طور پر آپ کا صحیح نام، پتہ اور ایس سی این (SCN) ۔

اگر آپ کا مائی ایس کیو اے (MySQA) اکاؤنٹ ہے تو آپ **www.mysqa.org.uk** پر اپنی ذاتی تفصیلات دیکھ سکتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے نام کی تفصیل اسی انداز میں درج ہے جیسے آپ اپنے سکاٹش کوالیفکیشنز سرٹیفکیٹ (ایس کیو سی (SQC)) پر دیکھنا چاہتے ہیں اور یہ کہ ڈاک کا پتہ وہی ہے جس پر آپ اپنے نتائج ارسال کئے جانے کے متمنی ہیں۔

اگر آپ سرٹیفکیٹ کی وصولی سے قبل کسی بھی وقت اپنی کوئی ذاتی تفصیلات میں ردوبدل کریں تو اپنے سکول یا کالج کو اس کی فوری اطلاع دیں۔ یوں قبل اس کے کہ ہم آپ کا سرٹیفکیٹ پرنٹ کریں انہیں آپ کی تفصیلات کو جدید کرنے کا موقع مل جائے گا۔

ڈیٹا پروٹیکشن

عام طور پر اپنی ذاتی تفصیلات کے بارے میں بات چیت کرنے کے لئے آپ کا سکول یا کالج ایک بہتر ادارہ ہے۔ ان میں آپ کی رابطہ تفصیلات کے ساتھ ساتھ حاصل کی جانے والی تعلیمی قابلیت یا آپ کے وصول کردہ نتائج شامل ہیں۔

ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ 1998 آپ کی ذاتی معلومات کے لئے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ اس میں ایس کیو اے (SQA) کے لئے آپ کی معلومات کے استعمال کے طریقے وضع کئے گئے ہیں۔ آپ کی کسی قسم کی ذاتی معلومات کے متعلق آپ سے بات چیت کرنے سے قبل ہم آپ سے اپنی شناخت کرانے کے لئے کہیں گے۔ علاوہ ازیں کسی اور شخص (12 یا زائد سال عمر کی صورت میں آپ کے والدین یا سرپرست سمیت) سے آپ کی ذاتی معلومات کے متعلق بات چیت کرنے سے قبل ہمیں آپ کی اجازت درکار ہوگی۔ ڈیٹا پروٹیکشن ذمہ داریوں کی مزید تفصیلات ہماری ویب سائٹ **www. sqa.org.uk/accesstoinformation** کے سیکشن **ایکسیس ٹُو انفارمیشن** (معلومات تک رسائی) میں درج ہیں۔

کورس ورک (تحقیقی مواد، پروجیکٹس، مسودے (فولیوز)، وغیرہ)

بعض مضامین کے لئے بول چال یا عملی ٹیسٹ میں حصہ لینا یا کورس ورک جمع کروانا ضروری ہوتا ہے۔ اس بارے میں آپ کا استاد / لیکچرار آپ کو مشورہ دے گا۔

اسیسمنٹ (جائزے) کے لئے پیش کئے جانے والا کورس ورک آپ کا اپنا ہونا ضروری ہے۔ اگست 2013 میں آپ کے سکول یا کالج نے آپ کو **آپ کا کورس ورک (Your Coursework)** کے عنوان سے تیار کردہ ایک لیفلیٹ دیا ہوگا جس میں وضاحت کی گئی ہے کہ آپ کو کیا کرنا ہوگا۔ اپنے کسی بھی کورس ورک کو جمع کروانے سے قبل آپ کو یہ تسلی کرنی ہے کہ آپ نے اس کتابچے کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے اور اپنے کام کی تصدیق کے لئے دیباچہ صفحہِ اوّل (فلائی لیف) میں بتائی گئی جگہ پر دستخط کر دئیے ہیں۔

اگر کسی چیز کے متعلق آپ کو یقین نہیں یا سمجھ نہیں آئی تو یہ اشد ضروری ہے کہ آپ اپنے استاد یا لیکچرار سے پوچھ لیں۔

اپنے کورس ورک کو ایس کیو اے (SQA) سے واپس کیسے حاصل کیا جائے

ہم جانتے ہیں کہ آپ کی اسیسمنٹ (جائزے) کے ایک حصے کے طور پر آپ کے سکول یا کالج کی طرف سے ارسال کردہ مواد آپ کے لئے خصوصی اہمیت کا حامل ہوسکتا ہے۔ آپ کی تیار کردہ ریکارڈنگ، آرٹ ورک اور تحریری کام کی دوبارہ تیاری شاید آسان عمل نہ ہو لہذا آپ شاید اپنے اصلی مواد کو واپس وصول کرنا چاہیں۔ اسی خاطر ہم واپسی سروس فراہم کرتے ہیں۔ آپ ہمیں اپنے مواد کو واپس لوٹانے کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

مورخہ **26 ستمبر 2014** تک آپ کو مواد واپس لوٹانے کے لئے درخواست جمع کرادینی چاہیے۔ اس تاریخ کے بعد وصول ہونے والی کسی درخواست پر **اضافی لیٹ فیس** وصول کی جائے گی۔ اگر ہمیں آپ کی درخواست وصول نہ ہوئی تو آپ کے کورس ورک کو بحفاظت تلف کردیا جائے گا۔

ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ کے تحت آپ کے امتحانی جوابی کتابچے واپس لوٹائے جانے سے مستثنیٰ ہیں انہیں واپس لوٹانے کی کسی بھی درخواست پر ہم غور نہیں کرسکتے۔

ہم آپ کو کونسا مواد واپس لوٹا سکتے ہیں، اس پر کتنی لاگت آئے گی اور اس کے لئے آپ کیسے درخواست دے سکتے ہیں اس بارے میں مزید معلومات کے لئے براہ مہربانی **www.sqa.org.uk/returnofmaterials** پر ملاحظہ کریں۔

آپ کے امتحانات کے دوران

ممتحن (انویجیلیٹرز)

ایس کیو اے (SQA) کی جانب سے امتحانات کی نگرانی پر مامور ذمہ دار افراد " ممتحن (انویجیلیٹرز)" کہلاتے ہیں۔ ممتحن کا کام کمرہ امتحان میں موجود رہ کر یہ یقینی بنانا ہے کہ امتحانات قواعد کے مطابق قرار پائیں اور یہ کہ صحیح طرح سے قواعد پر عمل درآمد کیا گیا ہے۔ ممتحن کی طرف سے دی گئی ہدایات پر عمل کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔

اگر آپ بیمار یا پریشان ہوں تو ممتحن آپ کے لئے مدد بھی طلب کرے گا۔

ڈیسک (نشستیں)

زیادہ تر سکولوں یا کالجوں میں ہر کسی امتحان کے لئے آپ کے لئے ایک ڈیسک یا نشست نمبر مختص کر دیا جاتا ہے۔ آپ کا استاد یا لیکچرار اس کے بارے میں آپ کو بتائے گا۔ یہ تسلی کر لیں کہ امتحان سے پیشتر آپ کو اپنے ڈیسک / نشست نمبر کا علم ہے۔

اگر آپ کسی ایسے امتحان میں حصہ لے رہے ہیں جس میں متفرق معروضی ٹیسٹ کی جوابی شیٹ شامل ہو تو یہ بطور خاص اہم ہے کہ آپ اپنی مختص نشست پر بیٹھیں۔ ایسا اِس لئے ہے کہ آپ کو اپنی مخصوص جوابی شیٹ فراہم کی جائے گی جس پر پہلے سے ہی آپ کا نام، ایس سی این (SCN) اور سکول یا کالج کی تفصیلات درج ہوں گی۔ امتحان شروع ہونے سے پہلے ممتحن آپ سے اپنے تمام کوائف اور معروضی ٹیسٹ کی جوابی شیٹ صحیح مضمون اور درجے کی ہونے کی پڑتال (معائنہ) کرنے کے لئے کہے گا۔ اگر کوئی بھی چیز آپ کی توقع کے مطابق نہ ہو تو براہ مہربانی ممتحن کو آگاہ کریں۔

اگر آپ دیر سے آئیں

اگر آپ کسی امتحان کے لئے دیر سے پہنچیں تو یہ ضروری ہے کہ آپ ایس کیو اے (SQA) امتحانات کے منتظم (انچارج) ٹیچر یا لیکچرار کو رپورٹ کریں جو فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ امتحان میں حصہ لے سکتے ہیں یا نہیں۔

کمرہ امتحان میں

امتحان کے دوران جو اشیاء آپ کے پاس ہرگز نہیں ہونی چاہیں:

موبائل فون
الیکٹرانک (برقیاتی) آلات بشمول،
مگر اسی پر محدود نہیں، میوزک / ڈیجیٹل
آلات / ایم پی تھری (MP3) پلیئر اور آئی پاڈز
کیلکولیٹر ۔ مخصوص مضامین کے علاوہ
ڈکشنری ۔ مخصوص مضامین کے علاوہ
غلاف (بکس) ۔ کیلکولیٹر یا پنسل وغیرہ
کتابیں، تحریری یادداشتیں (نوٹس)، خاکے، کسی قسم کے کاغذات، یا دیگر ممنوع امدادی اشیاء

امتحان میں جب مخصوص یا منظورشدہ اشیاء کے استعمال کی ضرورت ہو تو آپ لازمی طور پر اطمینان کرلیں کہ یہ ایس کیو اے (SQA) کے قواعد کے عین مطابق ہیں (آپ کا استاد یا لیکچرار اس بارے میں آپ کو مشورہ دے سکتا ہے)۔ اگر وہ کوئی الیکٹرانک (برقیاتی) آلات ہیں تو لازمی طور پر یہ اطمینان کرلیں کہ ان سے کسی ممنوعہ ڈیٹا تک رسائی ممکن نہیں یا ان میں کوئی اضافی خصوصیات موجود نہیں جو امتحان میں منع ہوں۔

اگر ماڈرن لینگوئجز کے پڑھائی اور لکھائی کے امتحانات کے وقت آپ اپنی ڈکشنری استعمال کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو امتحان سے قبل اس کی پڑتال ضرور کروائیں۔ اس کے طریقہ کار کے بارے میں آپ کا استاد یا لیکچرار آپ کو مشورہ دے سکے گا۔

موبائل فون

ڈیجیٹل الیکٹرانک ڈیوائس مثلاً ایم پی3 پلیئر

کتابیں، تحریری یاداشتیں (نوٹس)، خاکے یا کاغذات (پیپر)

پنسل کیس / کیلکولیٹر کیس

کیلکولیٹر ۔ مخصوص مضامین کے علاوہ

ڈکشنری ۔ مخصوص مضامین کے علاوہ

سوالیہ پرچے

ماسوائے اس کے کہ آپ کے سکول یا کالج نے کسی اور رنگ (اسیسمنٹ انتظامات کے حصہ کے طور پر) کے لئے کہا ہو آپ کے سبھی سوالیہ پرچے سفید کاغذ پر چھاپے جائیں گے۔

یہ پڑتال کرلیں کہ آپ کو دیا گیا امتحانی پرچہ درست ہے۔ اگر وہ آپ کا متوقع پرچہ نہیں ہے تو براہ مہربانی ممتحن کو بتائیں۔

ہر سوالیہ پرچے کے پہلے صفحے پر دی گئی ہدایات کو پڑھ لیں اور دھیان رکھیں کہ آپ اُن پر احتیاط سے عمل پیرا ہوں۔

امتحانی پرچے یا کتابچے کے پہلے صفحے پر اپنی تفصیلات کو قابلِ مطالعہ اور صاف ستھرا تحریر کریں۔

اگر آپ کو اضافی ورق درکار ہو تو ممتحن سے مانگ لیں۔ ممتحن کے واپس لینے سے قبل ہر ایک اضافی ورق پر اپنا نام، ایس سی این (SCN) اور سکول یا کالج کا نام لکھنا یاد رکھیں اور اضافی اوراق کو جوابی کتاب کے **اندر** رکھیں۔

سوالیہ پرچے میں خالی صفحات

سوالیہ پرچے کے وہ صفحات جن پر سوالات یا ہدایات نہیں ہیں اُن کے وسط میں جلی حروف میں **خالی صفحہ** (BLANK PAGE) چھپا ہوا ہوگا۔ کوئی بھی صفحہ مکمل طور پر خالی نہیں ہونا چاہیے۔

سوالاتی پرچے کو حل کرتے جائیں حتیٰ کہ آپ **پرچہ سوالات کے اختتام** (**END OF QUESTION PAPER**) کے درج الفاظ تک پہنچ جائیں۔ اس کے بعد مزید کوئی سوالات نہیں جنہیں آپ کو پڑھنے / جواب دینے کی ضرورت ہو۔ اگر اس بیان سے قبل آپ کسی صفحے کو بالکل خالی پائیں تو براہ مہربانی ممتحن کی توجہ اِس جانب مبذول کروائیں۔

ان الفاظ کے بعد کا کوئی بھی تحریری بیان جملہ حقوق کے قواعد سے متعلقہ ہوگا جو ایس کیو اے (SQA) سے سوالاتی پرچے میں استعمال کی گئی کسی بھی عبارت یا گرافکس کے مآخذ کے اقرار کا مطالبہ کرتا ہے۔ آپ کو اسے پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

کچھ مضامین کے کتابچے کے آخر میں آپ کے استعمال کے لئے اضافی صفحات یا گراف پیپر دئیے گئے ہوسکتے ہیں۔

اپنے جوابات تحریر کرنا

کالے یا گہرے نیلے رنگ کی سیاہی والا قلم استعمال کریں (جیل والے قلم استعمال نہ کریں) اورقابلِ مطالعہ اور صاف ستھرے انداز میں لکھیں۔ پنسل کا استعمال تب کریں جب ہدایات میں آپ کو ایسا کرنے کے لئے کہا گیا ہو۔ مارکرز (نمبرلگانے والے) آپ کے کام کو پڑھنے کی پوری کوشش کریں گے ۔۔ ناقابل مطالعہ تحریر سے نمٹنے کے لئے واضح طریق کار موجود ہے لہذا اگر آپ کی تحریر نمبرلگانے والے کے لئے بہت زیادہ خراب یا ناقابل مطالعہ ہوئی تو آپ کے نمبر کاٹے جاسکتے ہیں ۔ بعض مضامین میں ہجوں اور رموز واوقاف میں غلطیوں سے بھی آپ کے نمبر کاٹے جاسکتے ہیں۔ اگر اس کے بارے میں آپ کو کسی قسم کی کوئی تشویش ہو تو اپنے ٹیچر یا لیکچرار سے بات کریں۔

اپنے کسی بھی جواب میں ہرگز آپ ٹیکسٹ (text) زبان یا کسی قسم کی غیرمہذب ،گستاخانہ ، جارحانہ، متعصبانہ یا بیہودہ زبان یا نقش گری استعمال نہ کریں۔

جب بغیرلکیروں کے پرچے پر لکھیں تو لائنوں کے درمیان تقریباً ایک سینٹی میٹر جگہ چھوڑنے کی کوشش کریں۔

موادِ معلومہ کتابچے (ڈیٹا بُک لیٹس)

امتحانی حصہ ہونے کی صورت میں آپ کو ٹیبل (جدول) یا مواد معلومہ کتابچے (ڈیٹا بُک لیٹس) دئیے جائیں گے۔ بعض امتحانات میں سوالاتی پرچے کے شروع میں اضافی ڈیٹا شیٹس لگائی گئی ہوتی ہیں۔ آپ ہرگز ان ڈیٹا بُک لیٹس پر کسی طرح کا نشان نہ لگائیں یا کمرہ امتحان سے باہر لے کر جائیں۔

رف (کچا) کام

تمام رف کام فراہم کردہ جوابی کاپی میں کرنا لازم ہے۔

اگر آپ نے کسی سوال کے جواب کے لئے متعدد بار کوشش کی ہو تو براہ مہربانی حتمی جواب کی تکمیل پر تمام غیرمطلوب جوابات اوران کوششوں سے متعلق سبھی رف کام کو کاٹ دیں۔

کمرہ امتحان سے باہر تشریف لے جانا

اگر آپ نے اپنی بساط کے مطابق پرچہ حل کرلیا ہے تو ممتحن آپ کو آدھے گھنٹے (جہاں امتحان ایک گھنٹے سے زیادہ ہو) یا 20 منٹ (اگر امتحان ایک گھنٹہ یا اُس سے کم ہو) کے بعد کمرہ چھوڑنے کی اجازت دے سکتا ہے۔ یاد رکھیں کہ امتحان جلدی ختم کرنے کے لئے آپ کو ممتحن کی اجازت درکار ہوگی۔

کمرہ چھوڑنے سے پہلے آپ کو اپنی جوابی کاپی اور پرچہ سوالات ، خواہ اس میں جو کچھ ہو، ممتحن کو واپس لوٹانا لازمی ہے۔ بصورت دیگر آپ متعلقہ پرچے کے تمام نمبروں سے ہاتھ دھوسکتے ہیں۔

غیرحاضری

اگر بیماری یا دوسری کسی معقول وجہ سے آپ امتحان یا اُس کے کسی حصہ میں بیٹھنے سے قاصر ہیں تو جتنا جلدی ممکن ہو اپنے سکول یا کالج کو مطلع کریں ۔ اگر آپ کسی امتحان کے دوران بیمار پڑجائیں تو اپنے ممتحن کو فوری آگاہ کریں ۔

آپ کا چال چلن

نا شائستہ چال چلن (طرزِعمل)

ایس کیو اے (SQA) کو امتحان میں بدنظمی کا سبب بننے والے تمام نا شائستہ چال چلن اورطرزِعمل کے بارے میں رپورٹ کی جائے گی اور تفتیش عمل میں لائی جائے گی۔ آپ کو تنبیہہ جاری کی جاسکتی ہے، نمبر کاٹ لئے جاسکتے ہیں، متعلقہ مضمون میں آپ کا داخلہ منسوخ کیا جاسکتا ہے، یا انتہائی سنجیدہ حالات میں آپ کے حالیہ امتحانات کے تمام داخلے منسوخ کئے جاسکتے ہیں۔

ناشائستہ چال چلن (طرزِعمل) کی مثالیں:

- کمرہ امتحان میں ممنوعہ اشیاء پاس رکھنا (بشمول تحریری یادداشتیں (نوٹس)، موبائل فونز اور الیکٹرانک ڈیوائسز بشمول مگر انہی پر محدود نہیں میوزک / ڈیجیٹل ڈیوائسز/ ایم پی تھری (MP3) پلیئرز اور آئی پاڈز)
  - غیر کیلکولیٹر پرچے میں کیلکولیٹر کا استعمال
  - ممنوع سہولیات سے لیس کیلکولیٹر کا استعمال مثلاً ڈیٹا یا عبارت محفوظ کرنے کی سہولت والا کمپیوٹر الجبرا سسٹم (سی اے ایس (CAS))
- اسیسمنٹ میں کسی اور کا روپ دھارنا / کسی دوسرے کو اپنی جگہ امتحان میں بٹھانے کی کوشش کرنا
- کمرہ امتحان میں اختلال انگیز رویہ
- امتحانی پرچوں یا کورس ورک میں جارحانہ یا بیہودہ الفاظ کا استعمال کرنا مثال کے طور پر نا شائستہ جملے، گالی گلوچ، مخالفانہ رویہ (بشمول جنسی، نسلی، ہم جنس پرستی سے نفرت پر مبنی مواد)
- کسی دوسرے امیدوار سے نقل کرنا
- خفیہ سازباز۔ اپنے کسی انفرادی منصوبے پر دوسرے امیدواروں کے تعاون سے کام کرنا جبکہ یہ کام آپ کا اپنا ہونا ضروری ہے
- انتحال (چربہ سازی)۔ صحیح طریقے سے مآخذ ظاہر نہ کرنا اور/ یا کسی دوسرے آدمی کے کئے ہوئے کام کو اپنے کام کے طور پر جمع کروانا

امتحانی مواد کی ملکیت اور کاپی رائٹ (حقِ اشاعت)

جب آپ امتحانی مواد ایس کیو اے (SQA) کو جمع کرواتے ہیں یا اپنے سکول یا کالج کو اپنی طرف سے جمع کروانے کی اجازت دیتے ہیں تو آپ اس مواد پر ایس کیو اے (SQA) کے طبعی حقِ ملکیت کو تسلیم کرتے ہیں۔

اسیسمنٹ کے لئے ایس کیو اے (SQA) کو جمع کروائے گئے جوابی کتابچے اور/یا کورس ورک اور/یا متبادل ثبوت امتحانی مواد میں شامل ہیں۔

علاوہ ازیں آپ کے مواد جمع کروانے سے آپ ایس کیو اے (SQA) کو اسے تدریسی اور تمثیلی مواد کے طور پر استعمال کرنے کی اجازت دے رہے ہیں۔ ایس کیو اے (SQA) آپ کا نام یا سکاٹش امیدوار نمبر یا آپ کے کوئی اور شناختی کوائف ظاہر نہیں کرے گی۔

آپ کے پرچوں کے لئے نمبر لگانا

امتحان کے آخر میں جب آپ اپنے جوابی پرچے کو ممتحن کے حوالے کرتے ہیں تو اسی لمحے سے اس پرچے کا سفر شروع ہوجاتا ہے جو اگست کے اختتام تک ختم نہیں ہوتا۔ اور یہ آپ کے حتمی نتیجے کا صرف ایک پہلو ہے۔ ہر امتحان کے بعد آپ کے پرچے نمبر لگانے کے مختلف مراحل سے گزارے جاتے ہیں۔

ملک بھر سے تقریباً 7,500 اساتذہ اور لیکچرار نمبر لگانے کا فریضہ انجام دیتے ہیں جن کا چناؤ ایس کیو اے (SQA) بڑی احتیاط سے ان کے تجربے اور مضمون میں مہارت کی بنیادوں پر کرتی ہے۔ نمبر لگانے والے ان سبھی افراد کو آپ کے جوابات کے نمبر لگانے کی تیاری کے لئے تربیت دی جاتی ہے تاکہ ہر کوئی سبھی مضامین اور امیدواروں کے لئے منصفانہ اور یکساں طریقے سے نمبر لگائیں۔

نمبر لگانے کے عمل کے دوران ہم جانچ پڑتال کرتے رہتے ہیں تاکہ یہ اطمینان رہے کہ نمبر لگانے والے سبھی لوگ قومی معیار کے مطابق آپ کے امتحانی پرچوں پر نمبر لگا رہے ہیں۔ ہم ہر مضمون کے اے (A)، بی (B)، سی (C) یا ڈی (D) گریڈ کے حصول کے لئے مطلوبہ نمبروں کا تعین کرتے ہیں۔

یہ سب عمل جب ہر ایک مضمون کے لئے مکمل ہوجائے تو پھر ہی ہم آپ کے حتمی نتیجے کی تیاری کے لئے سبھی نمبروں کو اکٹھا کر سکتے ہیں۔ مضمون کی مطابقت سے ان میں امتحان شروع ہونے سے پہلے آپ کے سکول یا کالج کی طرف سے ارسال کردہ کورس ورک کے نمبروں کے ساتھ ساتھ وہ نمبر جو ایس کیو اے (SQA) نے کورس کے کسی حصے کے طور پر برائے راست جائزے پر دئیے تھے (بشمول کارکردگی یا بول چال کا امتحان جن کا جائزہ ہم نے آپ کے سکول یا کالج کے دورے کے دوران لیا تھا) شامل ہوسکتے ہیں۔ یہ سب آپ کے حتمی گریڈ کا سبب بنتے ہیں۔

پھر آپ کا سرٹیفکیٹ پرنٹ کرکے ارسال کیا جاتا ہے تاکہ آپ اسے اپنی کلاس کے دوسرے ساتھیوں اور ساتھی طالب علموں (کُل تعداد 150,000) کی طرح ایک ہی دن 5 اگست بروز منگل وصول کریں۔

آپ کا نتیجہ

آپ کو اپنا سکاٹش کوالیفکیشنز سرٹیفکیٹ (ایس کیو سی (SQC)) فرسٹ کلاس ڈاک کے ذریعے **5 اگست بروز منگل** وصول ہو جائے گا۔

اگر آپ اپنے گھر کا مستقل پتہ تبدیل کریں تو اپنے سکول یا کالج کو فوراً آگاہ کریں۔ اس سے آپ کے سکاٹش کوالیفکیشنز سرٹیفکیٹ (ایس کیو سی (SQC)) کو براہِ راست آپ کے گھر پہنچانا یقینی ہوگا اور پریشانی یا تاخیر سے بچت ہوگی ۔

اگر آپ یونیورسٹی یا کالج داخلہ لینے والے ہیں تو ہم الیکٹرانکلی (برقیاتی ذریعے سے) یونیورسٹیز اینڈ کالجز ایڈمشن سروس (یو سی اے ایس (UCAS)) کو آپ کے نتائج ارسال کردیں گے ۔

اگر آپ نئے سیشن (دور) کے لئے واپس لوٹ رہے ہیں تو ہم آپ کے نتائج کی معلومات آپ کے سکول یا کالج کو بھیجیں گے تاکہ آپ کے اساتذہ کے پاس نئے سال کے اوقات کار بنانے اور آپ کو پیشے (کیریئر) اور کورس کی رہنمائی دینے کے لئے کافی وقت ہو۔

اگر آپ کا سکاٹش کوالیفکیشنز سرٹیفکیٹ (ایس کیو سی (SQC)) **5 اگست بروز منگل** کو نہیں پہنچتا تو براہ مہربانی اپنے سکول یا کالج سے فوری رابطہ کریں۔ سکول یا کالج آپ کے نتائج کی تصدیق کرسکے گا اور آپ کے سکاٹش کوالیفکیشنز سرٹیفکیٹ (ایس کیو سی (SQC)) کے متعلق معلومات جاننے کے لئے ہم سے رابطہ قائم کرے گا ۔

مثبت کارکردگی کو تسلیم کرنا

اگر آپ نے نیشنل 5 کورس میں حصہ لیا ہے اور آپ نے (نو ایوارڈ) کامیابی حاصل نہیں کی تو مثبت کارکردگی کو تسلیم کرنے کے انتظامات کے تحت آپ کو نیشنل 4 کورس ایوارڈ کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ مطلوبہ اکائیوں پر پورا اترتے ہیں تو آپ کے سرٹیفکیٹ سے نیشنل 4 کورس ایوارڈ ظاہر ہوگا۔ اگر آپ اپنے سرٹیفکیٹ پر درج معلومات سے متعلق کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اپنے سکول یا کالج سے رابطہ کریں۔

نتائج کے وقت آپ کے لئے مدد

اگر آپ اپنے سرٹیفکیٹ کو سمجھ نہیں پا رہے یا اگر آپ کے خیال میں کوئی معلومات غائب یا غلط ہیں تو فوراً اپنے سکول یا کالج سے رابطہ کرکے مدد طلب کریں۔ اگر کوئی مسئلہ ہوا تو آپ کا سکول یا کالج اُس کے حل کے لئے ہم سے رابطہ کرے گا۔

5 اگست بروز منگل تا 8 اگست بروز جمعہ ایک ٹیلیفون سروس ۔ **ایس کیو ایز (SQA's) کینڈیڈیٹ ایڈوائس لائن** کی سہولت دستیاب ہوگی۔ آپ اپنے سرٹیفکیٹ کے مندرجات اور ہیئتِ ترکیبی (لے آؤٹ) کے متعلق مشورے کے لئے فون کر سکتے ہیں ۔ ایڈوائس لائن کا نمبر آپ کے سرٹیفکیٹ کے ساتھ آنے والے خط سے مل سکتا ہے ۔

سال بھر میں کسی بھی وقت عام معلومات کے لئے آپ ہمارے **کسٹومر کانٹیکٹ سنٹر** سے 0345 279 1000 پر رابطہ کرسکتے ہیں یا اپنی انکوائری (استفسارات) کو customer@sqa.org.uk پر ای میل کرسکتے ہیں۔

اپنا نتیجہ وصول کرنے کے لئے انتظار کیوں ؟

مائی ایس کیو اے (MySQA) ایک ویب سروس ہے جو آپ کو اپنے نتائج تک منفرد اور محفوظ رسائی فراہم کرتی ہے۔

اپنے نتائج کے لفافے کا بذریعہ ڈاک گھر پہنچنے کا انتظار نہ کریں۔ اگر آپ 8 جولائی بروز منگل تک رجسٹر ہوجائیں اور پھر 16 جولائی

بروز بدھ تک اپنے اکاؤنٹ کو فعال بنالیں تو آپ **5 اگست بروز منگل** کی صبح سویرے ای۔میل یا ٹیکسٹ پیغام کے ذریعے اپنے نتائج بھیج جانے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ آپ خواہ اپنے گھر سے کہیں دور ہوں تو آپ کو انتظار نہیں کرنا پڑے گا یا اپنے نتائج کی ڈاک کھولنے کے لئے کسی اور شخص کی ضرورت نہیں ہوگی۔ اپنے اکاؤنٹ کو فعال بنانے کے متعلق معلومات کے لئے **www.mysqa.info** کا مطالعہ کریں۔

یاد رکھیں: نیشنل 4 کورسز 'پاس' یا 'فیل' کی صورت میں ایوارڈ کئے جاتے ہیں اور ان کا کوئی مجموعی گریڈ نہیں ہوتا۔ آپ کو غالباً گرمیوں کی چھٹیوں سے قبل اپنے ٹیچر سے نتیجے کا علم ہو جائے گا اور آپ کو موصول ہونے والے ٹیکسٹ / ای میل میں صرف نتیجے کی تصدیق کی جائے گی۔

مائی ایس کیو اے (MySQA) کے لئے رجسٹر ہونے والے ہر ایک امیدوار کو ٹیکسٹ یا ای میل بھیجنا ایک بہت بڑا کام ہے۔ یہ ممکن ہے کہ 5 اگست کی صبح سویرے آپ کو اپنا ٹیکسٹ / ای میل موصول ہو۔ ایسا اس لئے ہے کہ ہم نتیجے کو گروپوں کی صورت میں جاری کرتے ہیں اور اسے آپ تک پہنچانے کے وقت کا تعین آپ کی ٹیلیفون / ای میل فراہم کرنے والی کمپنی کرتی ہے۔

رزلٹس سروسز (خدماتِ نتائج)

رزلٹس سروسز ایسے امیدواروں کی مدد کے لئے ہماری ایک سروس ہے جو امتحان میں حصہ نہیں لے سکے، جو غیرمعمولی حالات سے متاثر ہوئے ہیں، یا جن کے نتیجے سے ان کے سکول یا کالج کو تشویش ہے۔

رزلٹس سروسز دو حصوں پر مشتمل ہے:

ایکسیپشنل سرکمسٹانسز کنسڈریشن سروس (غیرمعمولی حالات پر غور کرنے کے لئے سروس)
پوسٹ رزلٹ سروس (نتیجے کے بعد کی سروس)

ایکسیپشنل سرکمسٹانسز کنسڈریشن سروس

یہ سروس امتحانی نتائج جاری کرنے سے **قبل** خدمات فراہم کرے گی۔
یہ سروس ایسے امیدواروں کی مدد کرے گی جو امتحان میں نہیں بیٹھ سکے یا جنہوں نے امتحان میں تو حصہ لیا مگر ان کی کارکردگی غیرمعمولی حالات کی وجہ سے متاثر ہوئی۔ غیرمعمولی حالات میں موت کا صدمہ اور شدید بیماری شامل ہیں۔ چھوٹی موٹی بیماریوں کو غیرمعمولی حالات نہیں سمجھا جائے گا۔

پوسٹ رزلٹس سروس

یہ سروس امیدواروں کو ان کے سرٹیفکیٹس مل جانے کے **بعد** خدمات فراہم کرے گی۔

اگر کسی سکول یا کالج کو کسی امیدوار کے نتیجے پر تشویش ہے تو وہ دفتری پڑتال اور / یا امتحانی پرچہ جات کے نمبروں پر نظرثانی کے لئے درخواست کر سکتے ہیں۔

دفتری پڑتال

ایس کیو اے (SQA) کا عملہ امتحانی پرچوں کے ہر حصے کے نمبر لگائے جانے، یہ کہ ہر جواب کے لئے دئیے گئے نمبروں کو صحیح طرح سے جمع کیا گیا ہے اور یہ کہ ایس کیو اے (SQA) کے کمپیوٹر سسٹم میں صحیح نمبروں کے مجموعہ یا نتیجہ کا اندراج کیا گیا ہے، کی پڑتال کرے گا۔

نمبروں پر نظرثانی

مندرجہ بالا دفتری پڑتال کے طریقہ کار کو اپناتے ہوئے پہلے پڑتال کی جائے گی ۔ اس کے بعد ایس کیو اے (SQA) کا ایک سینیئر ممتحن امیدوار کی خارجی اسیسمنٹ میں ایوارڈ کئے گئے نمبروں پر نظرثانی کرے گا۔ ایسا اس بات کو یقینی بنانے کے لئے ہے کہ لگائے گئے نمبر قومی معیار کے مطابق ہیں۔

ایکسیپشنل سرکمسٹانسز کنسڈریشن سروس اور پوسٹ رزلٹ سروس کے لئے صرف سکول یا کالج ہی درخواست گزار سکتا ہے۔ ایس کیو اے (SQA) برائے راست کسی امیدوار، والدین، کیئررز یا کسی اور پارٹی کی طرف سے درخواست قبول نہیں کرے گا۔

ہماری ویب سائٹ پر امیدواروں اور والدین کے لئے رزلٹ سروسز گائیڈ موجود ہے۔ اس گائیڈ سے آپ کو دیگر بہت سی مفید معلومات کے ساتھ ساتھ رزلٹ سروسز اور اس سروس کو کون استعمال کرسکتا ہے اور وصول کی جانے والی درخواستوں پر ہم کیسے کاروائی کرتے ہیں کے متعلق معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ براہ مہربانی www.sqa.org.uk/resultsservices پر اس گائیڈ کا مطالعہ کریں۔

خلاصہ اوقات نامہ (ٹائم ٹیبل) 2014

یاد رکھیں، سکولوں اور کالجوں کو امتحان شروع کرنے کے اوقات میں معمولی تبدیلی کی اجازت ہے لہذا آپ اپنے سکول یا کالج سے اپنے امتحانات کے اوقات کی دوبارہ تصدیق کرلیں۔

ٹائم ٹیبل بِلڈر

ہمارے آن لائن اور موبائل پرسنل (ذاتی) ٹائم ٹیبل بلڈرز کے استعمال سے اپنا امتحانی ٹائم ٹیبل تیار کریں۔ آپ اپنے امتحانی شیڈول کا سرسری جائزہ لے سکتے ہیں، امتحانی اندراج پر یادداشتی تحریر لکھ سکتے ہیں، خود اپنے آپ یا کسی دوست کو ای میل کرسکتے ہیں حتیٰ کہ آئی کال (iCal) کے ذریعے اسے دوسرے کیلنڈروں میں ضم کرسکتے ہو۔ مزید معلومات کے لئے براہ مہربانی **www.sqa.org.uk/timetable** کو ملاحظہ فرمائیں۔

مائی سٹڈی پلان

آئی پاڈ ٹچ (iPod Touch)، آئی پیڈ (iPad) یا آئی فون (iPhone) پر ہماری مائی سٹڈی پلان ایپلیکیشن کے استعمال سے اپنا سٹڈی پلان تیار کریں۔ اس بہترین سروس سے آپ کو اپنے امتحانی شیڈول کو درآمد کرنے، اپنے اوقات دستیابی درج کرنے اور ان معلومات کو استعمال میں لاتے ہوئے اپنا سٹڈی پلان ترتیب دینے کی سہولت میسر ہوتی ہے۔

مائی سٹڈی پلان کے متعلق مزید معلومات کے لئے براہ مہربانی **www.sqa.org.uk/studyplan** کو ملاحظہ فرمائیں۔

آئیندہ کے پانچ صفحات پر مندرجہ ذیل ٹائم ٹیبلز ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں :

نیشنل 5 ۔ صفحہ 17

انٹرمیڈیٹ 1 ۔ صفحہ 18

انٹرمیڈیٹ 2 ۔ صفحہ 19

ہائر ۔ صفحہ 20

ایڈوانسڈ ہائر ۔ صفحہ 21

نیشنل 5

کورس	تواریخ	کورس	تواریخ
اکاؤنٹنگ (حساب داری)	منگل 29 اپریل	ہسٹری (تاریخ)	بدھ 7 مئی
آرٹ اینڈ ڈیزائن	جمعہ 30 مئی	ہوم اکنامکس: ہیلتھ اینڈ فوڈ ٹیکنالوجی	جمعہ 2 مئی
بائیالوجی	جمعہ 16 مئی	اٹالین (اطالوی زبان)	جمعرات 8 مئی
بزنس مینیجمنٹ	سوموار 19 مئی	لیٹن (لاطینی)	جمعہ 23 مئی
کینٹونیز	سوموار 2 جون	لائف سکلز میتھیمیٹکس (ریاضی)	جمعہ 9 مئی
کیمسٹری	سوموار 12 مئی	منڈارین سمپلیفائیڈ	سوموار 2 جون
کلاسیکل سٹڈیز (روایتی علوم)	جمعہ 9 مئی	منڈارین ٹریڈیشنل	سوموار 2 جون
کمپیوٹنگ سائنس	جمعہ 23 مئی	Matamataig	منگل 6 مئی
Cruinn-eòlas	جمعرات 29 مئی	Matamataig Fad-bheatha	جمعہ 9 مئی
ڈیزائن اینڈ مینوفیکچر	منگل 27 مئی	میتھیمیٹکس (ریاضی)	منگل 6 مئی
ڈرامہ	جمعرات 15 مئی	میڈیا	بدھ 21 مئی
Eachdraidh	بدھ 7 مئی	ماڈرن سٹڈیز (جدید علوم)	منگل 29 اپریل
اکنامکس (معاشیات)	بدھ 28 مئی	میوزک (موسیقی)	جمعہ 2 مئی
انجینئرنگ سائنس	جمعرات 15 مئی	میوزک (موسیقی) ٹیکنالوجی	جمعہ 2 مئی
انگلش (انگریزی)	بدھ 30 اپریل	Nuadh-eòlas	منگل 29 اپریل
انگلش فار سپیکرز آف ادر لینگوجز (دوسری زبان بولنے والوں کے لئے انگریزی)	منگل 27 مئی	فلاسفی (فلسفہ)	جمعرات 5 جون
انوائرنمینٹل سائنس	جمعہ 6 جون	فزکس (طبیعات)	جمعرات 22 مئی
فرنچ (فرانسیسی)	بدھ 14 مئی	سائیکالوجی	منگل 3 جون
گیلِک (لرنر (نوآموزی))	منگل 27 مئی	ریلیجیئس، مورل اینڈ فلاسفیکل سٹڈیز	سوموار 26 مئی
Gàidhlig	منگل 20 مئی	سوشیالوجی (عمرانیات)	بدھ 4 جون
جیوگرافی (جغرافیہ)	جمعرات 29 مئی	سپینش (ہسپانوی زبان)	جمعہ 30 مئی
جرمن	منگل 20 مئی	اردو	بدھ 28 مئی
گرافک کمیونیکیشن	جمعرات 8 مئی		

انٹرمیڈیٹ 1

کورس	تواریخ	کورس	تواریخ
اکاؤنٹنگ (حساب داری)	منگل 29 اپریل	گرافک کمیونیکیشن	جمعرات 8 مئی
ایڈمنسٹریشن	جمعہ 9 مئی	ہسٹری (تاریخ)	بدھ 7 مئی
بائیالوجی	جمعہ 16 مئی	اٹالین (اطالوی زبان)	جمعرات 8 مئی
بزنس مینیجمنٹ	سوموار 19 مئی	لیٹن (لاطینی)	جمعہ 23 مئی
کینٹونیز	سوموار 2 جون	مینیجنگ انوائرنمینٹل ریسورسز	جمعہ 6 جون
کیئر (دیکھ بھال)	جمعرات 5 جون	منڈارین سمپلیفائیڈ	سوموار 2 جون
کیمسٹری	سوموار 12 مئی	منڈارین ٹریڈیشنل	سوموار 2 جون
کلاسیکل گریک (روایتی قدیم یونانی زبان)	سوموار 19 مئی	میتھیمیٹکس (ریاضی)	منگل 6 مئی
کلاسیکل سٹڈیز (روایتی علوم)	جمعہ 9 مئی	میڈیا سٹڈیز	بدھ 21 مئی
کمپیوٹنگ سٹڈیز	جمعہ 23 مئی	ماڈرن سٹڈیز (جدید علوم)	منگل 29 اپریل
ڈرامہ	جمعرات 15 مئی	میوزک (موسیقی)	منگل 13 مئی
انگلش (انگریزی)	بدھ 30 اپریل	فزیکل ایجوکیشن	سوموار 2 جون
فرنچ (فرانسیسی)	بدھ 14 مئی	فزکس (طبیعات)	جمعرات 22 مئی
گیلِک (لرنر (نوآموزی))	منگل 27 مئی	سائیکالوجی	منگل 3 جون
Gàidhlig	منگل 20 مئی	ریلیجیئس، مورل اینڈ فلاسفیکل سٹڈیز	سوموار 26 مئی
جیوگرافی (جغرافیہ)	جمعرات 29 مئی	رشیئن (روسی زبان)	بدھ 21 مئی
جیالوجی (ارضیات)	بدھ 21 مئی	سپینش (ہسپانوی زبان)	جمعہ 30 مئی
جرمن	منگل 20 مئی	ٹریول اینڈ ٹورزم (سفر و سیاحت)	بدھ 28 مئی

انٹرمیڈیٹ 2

کورس	تواریخ	کورس	تواریخ
اکاؤنٹنگ (حساب داری)	منگل 29 اپریل	ہوم اکنامکس: فیشن اینڈ ٹیکسٹائل ٹیکنالوجی	جمعہ 2 مئی
ایڈمنسٹریشن	جمعہ 9 مئی	ہوم اکنامکس: ہیلتھ اینڈ فوڈ ٹیکنالوجی	جمعہ 2 مئی
آرٹ اینڈ ڈیزائن	جمعہ 30 مئی	ہوم اکنامکس: لائف سٹائل اینڈ کنزیومر ٹیکنالوجی	جمعہ 2 مئی
بائیالوجی	جمعہ 16 مئی	ہاسپٹیلٹی: پروفیشنل ککری	بدھ 4 جون
بائیوٹیکنالوجی	جمعرات 29 مئی	انفارمیشن سسٹمز	جمعہ 2 مئی
بزنس مینیجمنٹ	سوموار 19 مئی	اٹالین (اطالوی زبان)	جمعرات 8 مئی
کینٹونیز	سوموار 2 جون	لیٹن (لاطینی)	جمعہ 23 مئی
کیئر (دیکھ بھال)	جمعرات 5 جون	مینیجنگ انوائرنمینٹل ریسورسز	جمعہ 6 جون
کیمسٹری	سوموار 12 مئی	منڈارین سمپلیفائیڈ	سوموار 2 جون
کلاسیکل گریک (روایتی قدیم یونانی زبان)	سوموار 19 مئی	منڈارین ٹریڈیشنل	سوموار 2 جون
کلاسیکل سٹڈیز (روایتی علوم)	جمعہ 9 مئی	میتھیمیٹکس (ریاضی)	منگل 6 مئی
کمپیوٹنگ	جمعہ 23 مئی	میڈیا سٹڈیز	بدھ 21 مئی
ڈرامہ	جمعرات 15 مئی	ماڈرن سٹڈیز (جدید علوم)	منگل 29 اپریل
اکنامکس (معاشیات)	بدھ 28 مئی	میوزک (موسیقی)	منگل 13 مئی
الیکٹرونکس اینڈ الیکٹریکل فنڈامینٹلز	بدھ 4 جون	فلاسفی (فلسفہ)	جمعرات 5 جون
انگلش (انگریزی)	بدھ 30 اپریل	فزیکل ایجوکیشن	سوموار 2 جون
انگلش فار سپیکرز آف ادر لینگوجز (دوسری زبان بولنے والوں کے لئے انگریزی)	منگل 27 مئی	فزکس (طبیعات)	جمعرات 22 مئی
فرنچ (فرانسیسی)	بدھ 14 مئی	پروڈکٹ ڈیزائن	منگل 27 مئی
گیلِک (لرنر (نوآموزی))	منگل 27 مئی	سائیکالوجی	منگل 3 جون
Gàidhlig	منگل 20 مئی	ریلیجیئس، مورل اینڈ فلاسفیکل سٹڈیز	سوموار 26 مئی
جیوگرافی (جغرافیہ)	جمعرات 29 مئی	رشیئن (روسی زبان)	بدھ 21 مئی
جیالوجی (ارضیات)	بدھ 21 مئی	سوشیالوجی (عمرانیات)	بدھ 4 جون
جرمن	منگل 20 مئی	سپینش (ہسپانوی زبان)	جمعہ 30 مئی
گرافک کمیونیکیشن	جمعرات 8 مئی	ٹیکنالوجیکل سٹڈیز	جمعرات 15 مئی
ہسٹری (تاریخ)	بدھ 7 مئی	ٹریول اینڈ ٹورزم (سفر و سیاحت)	بدھ 28 مئی

ہائر

کورس	تواریخ	کورس	تواریخ
اکاؤنٹنگ (حساب داری)	منگل 29 اپریل	ہوم اکنامکس: ہیلتھ اینڈ فوڈ ٹیکنالوجی	جمعہ 2 مئی
ایڈمنسٹریشن	جمعہ 9 مئی	ہوم اکنامکس: لائف سٹائل اینڈ کنزیومرٹیکنالوجی	جمعہ 2 مئی
آرکیٹیکچرل ٹیکنالوجی	منگل 3 جون	ہاسپٹیلٹی: پروفیشنل ککری	بدھ 4 جون
آرٹ اینڈ ڈیزائن	جمعہ 30 مئی	ہیومن بائیالوجی	جمعہ 16 مئی
بائیالوجی	جمعہ 16 مئی	ہیومن بائیالوجی (ترمیم شدہ)	جمعہ 16 مئی
بائیالوجی (ترمیم شدہ)	جمعہ 16 مئی	انفارمیشن سسٹمز	جمعہ 2 مئی
بائیو ٹیکنالوجی	جمعرات 29 مئی	اٹالین (اطالوی زبان)	جمعرات 8 مئی
بلڈنگ کنسٹرکشن	جمعہ 6 جون	لیٹن (لاطینی)	جمعہ 23 مئی
بزنس مینیجمنٹ	سوموار19 مئی	مینیجنگ انوائرنمینٹل ریسورسز	جمعہ 6 جون
کینٹونیز	سوموار2 جون	منڈارین سمپلیفائیڈ	سوموار2 جون
کیئر(دیکھ بھال)	جمعرات 5 جون	منڈارین ٹریڈیشنل	سوموار2 جون
کیمسٹری	سوموار12 مئی	Matamataig	منگل 6 مئی
کیمسٹری (ترمیم شدہ)	سوموار12 مئی	میتھیمیٹکس (ریاضی)	منگل 6 مئی
کلاسیکل گریک (روایتی قدیم یونانی زبان)	سوموار19 مئی	میکا ٹرونکس	بدھ 4 جون
کلاسیکل سٹڈیز (روایتی علوم)	جمعہ 9 مئی	میڈیا سٹڈیز	بدھ 21 مئی
کمپیوٹنگ	جمعہ 23 مئی	ماڈرن سٹڈیز (جدید علوم)	منگل 29 اپریل
ڈرامہ	جمعرات 15 مئی	میوزک (موسیقی)	منگل 13 مئی
ارلی ایجوکیشن اینڈ چائلڈ کیئر	جمعہ 6 جون	فلاسفی (فلسفہ)	جمعرات 5 جون
اکنامکس (معاشیات)	بدھ 28 مئی	فزیکل ایجوکیشن	سوموار2 جون
انگلش (انگریزی)	جمعرات 1 مئی	فزکس (طبیعات)	جمعرات 22 مئی
انگلش فار سپیکرز آف ادر لینگوجز (دوسری زبان بولنے والوں کے لئے انگریزی)	منگل 27 مئی	فزکس (طبیعات) (ترمیم شدہ)	جمعرات 22 مئی
فیبریکیشن اینڈ ویلڈنگ انجینئرنگ	بدھ 4 جون	پالیٹکس (سیاست)	جمعرات 5 جون
فرنچ (فرانسیسی)	بدھ 14 مئی	پروڈکٹ ڈیزائن	منگل 27 مئی
گیلِک (لرنر(نوآموزی))	منگل 27 مئی	سائیکالوجی	منگل 3 جون
Gàidhlig	منگل 20 مئی	ریلیجیئس، مورل اینڈ فلاسفیکل سٹڈیز	سوموار 26 مئی
جیوگرافی (جغرافیہ)	جمعرات 29 مئی	رشیئن (روسی زبان)	بدھ 21 مئی
جیالوجی (ارضیات)	بدھ 21 مئی	سوشیالوجی (عمرانیات)	بدھ 4 جون
جرمن	منگل 20 مئی	سپینش (ہسپانوی زبان)	جمعہ 30 مئی
گرافک کمیونیکیشن	جمعرات 8 مئی	ٹیکنالوجیکل سٹڈیز	جمعرات 15 مئی
ہسٹری (تاریخ)	بدھ 7 مئی	ٹریول اینڈ ٹورزم (سفر و سیاحت)	بدھ 28 مئی
ہوم اکنامکس: فیشن اینڈ ٹیکسٹائل ٹیکنالوجی	جمعہ 2 مئی	اردو	بدھ 28 مئی

ایڈوانسڈ ہائر

کورس	تواریخ	کورس	تواریخ
اکاؤنٹنگ (حساب داری)	منگل 29 اپریل	جرمن	منگل 20 مئی
اپلائیڈ میتھیمیٹکس (ریاضی)	جمعرات 8 مئی	گرافک کمیونیکیشن	جمعرات 8 مئی
بائیالوجی	جمعہ 16 مئی	ہسٹری (تاریخ)	بدھ 7 مئی
بائیالوجی (ترمیم شدہ)	جمعہ 16 مئی	ہوم اکنامکس: ہیلتھ اینڈ فوڈ ٹیکنالوجی	جمعہ 2 مئی
بزنس مینیجمنٹ	سوموار 19 مئی	انفارمیشن سسٹمز	جمعہ 2 مئی
کینٹونیز	سوموار 2 جون	اٹالین (اطالوی زبان)	جمعرات 8 مئی
کیمسٹری	سوموار 12 مئی	لیٹن (لاطینی)	جمعہ 23 مئی
کیمسٹری (ترمیم شدہ)	سوموار 12 مئی	منڈارین سمپلیفائیڈ	سوموار 2 جون
کلاسیکل گریک (روایتی قدیم یونانی زبان)	سوموار 19 مئی	منڈارین ٹریڈیشنل	سوموار 2 جون
کلاسیکل سٹڈیز (روایتی علوم)	جمعہ 9 مئی	میتھیمیٹکس (ریاضی)	منگل 6 مئی
کمپیوٹنگ	جمعہ 23 مئی	ماڈرن سٹڈیز (جدید علوم)	منگل 29 اپریل
ڈرامہ	جمعرات 15 مئی	میوزک (موسیقی)	منگل 13 مئی
اکنامکس (معاشیات)	بدھ 28 مئی	فزکس (طبیعات)	جمعرات 22 مئی
انگلش (انگریزی)	جمعرات 1 مئی	فزکس (طبیعات) (ترمیم شدہ)	جمعرات 22 مئی
فرنچ (فرانسیسی)	بدھ 14 مئی	پروڈکٹ ڈیزائن	منگل 27 مئی
گیلِک (لرنر (نوآموزی))	منگل 27 مئی	ریلیجیئس، مورل اینڈ فلاسفیکل سٹڈیز	سوموار 26 مئی
Gàidhlig	منگل 20 مئی	سپینش (ہسپانوی زبان)	جمعہ 30 مئی
جیوگرافی (جغرافیہ)	جمعرات 29 مئی	ٹیکنالوجیکل سٹڈیز	جمعرات 15 مئی

سابقہ پرچے

اپنے امتحانات کی تیاری کے لئے حالیہ سالوں میں امیدواروں سے پوچھے گئے حقیقی سوالات کا استعمال ایک بہترین ذریعہ ہے تاکہ آپ اپنے امتحان کے دن مکمل طور پر تیار اور پُراعتماد ہوں۔

ایس کیو اے (SQA) پاسٹ پیپرز (سابقہ پرچے) اور نمبر لگانے کی متعلقہ ہدایات ایس کیو اے (SQA) کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کئے جا سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں اس سال آفیشل ایس کیو اے (SQA) پاسٹ پیپرز (باضابطہ سابقہ پرچے) اور نمونہ پرچہ جات کی اشاعت ہوڈر گبسن (Hodder Gibson) کر رہی ہے۔ ان میں سینیئر ممتحن حضرات کے پڑتال کردہ جوابات، پڑھائی کی مشقوں سے متعلقہ ہدایات سیکشن اور ممتحن کے مشورے شامل ہیں۔

آفیشل ایس کیو اے (SQA) پاسٹ پیپرز معہ جوابات برائے انٹرمیڈیٹ 1 اور 2، ہائر و ایڈوانسڈ ہائر دستیاب ہیں۔ جیسا کہ نیشل 5 تعلیمی قابلیت نئی ہے اور اس کے ابھی کوئی پاسٹ پیپرز نہیں ہیں لہذا ایس کیو اے (SQA) نمونہ پیپرز تیار کئے گئے ہیں۔ ہوڈر گبسن (Hodder Gibson) نے ان کے ساتھ ساتھ اپنے ذاتی ماڈل پریکٹس پیپرز اور جوابات بھی شائع کئے ہیں۔ دستیاب مواد کی مکمل تفصیلات کے لئے براہٗ مہربانی **www.hoddereducation.co.uk** پر ملاحظہ کریں۔

سکاٹش کینڈیڈیٹ (امیدوار) نمبر کارڈ

آپ کا سکاٹش کینڈیڈیٹ نمبر (ایس سی این (SCN)) آپ کا ایک منفرد تا حیات ایس کیو اے (SQA) امیدوار نمبر ہے۔ آپ کو اسے اپنے امتحانی جوابی کتابچوں میں درج کرنے کی ضرورت ہوگی پس لازم ہے کہ یہ آپ کو یاد ہو۔

یہ تسلی کرلیں کہ آپ کو اپنا ایس سی این (SCN) یاد ہے اور اُسے درست استعمال کریں۔ آپ کا سنٹر آپ کو اپنے ایس سی این (SCN) سے آگاہ کرسکے گا۔ آپ اپنے ایس سی این (SCN) کارڈ پر تحریر نمبر کو لکھ کر پاس رکھ سکتے ہیں۔ یاد دہانی کے لئے اپنے ایس سی این (SCN) کارڈ کو آپ کمرہ امتحان میں لے جاسکتے ہیں۔

نیشنلز ، انٹرمیڈیٹس، ہائرز اور ایڈوانسڈ ہائرز میں حصہ لینے والے آپ سب کے لئے نیک خواہشات۔ آپ کی محنت اور کاوش بہتر نتائج کے حصول میں مفید ثابت ہوگی جس کے آپ حقدار ہیں۔

ایسا کرنا ممکن ہے

کسٹمر کانٹیکٹ سنٹر (رابطہ مرکز صارفین)

ٹیلیفون: 0345 279 1000 ای میل: customer@sqa.org.uk ویب : www.sqa.org.uk

مارچ 2014 BD6588